ilmkidunya

Civics - FA Part 2 Civics Urdu Medium Full Book Short Questions Test

Q1. پاکستان میں کس نظام کی جڑیں بہت مضبوط اور گہری ہیں.

Ans 1: پاکستان میں جاگیردارانہ نظام بہت اور گہری ہیں

Q2. شاہراہ قراقرم کے بارے میں تحریرکریں.

Ans 1: 1969 میں چین اور پاکستان کے درمیان شاہراہ قراقرم مکمل ہوئی اور دونوں دوست ممالک کے درمیان رابطے اور زیادہ قریبی ہوگئے اور وفود کے تبادلوں میں زیادہ تیزی آئی

Q3. قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے زرائع ابلاغ کا کیا کردارہے.

Ans 1: قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے زرائع ابلاغ اہم کردار ادا کرتے ہیں. لیکن شرط یہ ہےکہ ان کا استعمال صحیح خطوط پر کیا جائے تاکہ لوگوں میں جذبہ حب الوطنی پیدا ہو اسلامی اخوت اور اسلامی سیرت و کردار کو فروغ حاصل ہو.

Q4. ورلڈ انسائیکلوپیڈیا میں نظریہ کی تعریف کیا ہے.

Ans 1: "نظریہ سیاسی اور تمدنی اصولوں کا مجموعہ ہے جس پر کسی قوم یا تہذیب کی بنیادیں استوار ہوتی ہیں. یہ کسی قوم یا ثقافت کے فطری نشوونما کے عمل میں مدغم بھی ہوسکتی ہے.

Q5. سرسید احمد خان کے پانچ تصانیف کے نام لکھیں.

Ans 1: 1- اثارالصنادید 2- ائین آکبری 3- خطبات احمدیہ 4- تبین الکلام 5- رسالہ احکام طعام اہل کتاب.

Q6. بنیادی اصولوں کی کمیٹی کیوں تشکیل دی گئی.

Ans 1: ائین سازی کے کام کو مزید آگے بڑھانے کے لیے بنیادی اصولوں کی کمیٹی تشکیل دی گئی

Q7. پاکستان میں جمہوریت کی کامیابی کیسے ممکن ہے.

Ans 1: پاکستان میں جمہوریت کی کامیابی اور ملکی سالمیت کے لیے لازم ہے کہ رائج الوقت جماعتوں کی تعداد کم کرنے کی کوشش کی جائے. ان کے لے اسلام پر مبنی ضابطہ اخلاق ترتیب دیا جائے تاکہ وہ اس پر عمل پیرا ہوکر ملک کو سیاسی طور پر مستحکم کرنے کی کوشش کرے.

Q8. دوسری جنگ کب ہوئی.

Ans 1: 1965 میں دوسری جنگ ہوئی

Q9. ہائی وے پڑولنگ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: چھوٹی اور بڑی شاہراہوں پر مسافروں کی جان و مال کی ڈاکوؤں ، چوروں ، اور دیگر جرائم پیشہ افراد سے حفاظت کے لیے ہائی وے پولیس کے دستے گشت کرتے ہیں.ُپولیس کی اس کاروائی کو ہائی وے پٹرولنگ کہتے ہیں.

Q10. مجلس شوریٰ کسے کہتے ہیں.

Ans 1: 1973 کے ائین کے رو سے پاکستان میں پارلیمانی نظام حکومت قائم کیا گیا. پارلیمانی نظام میں مقننہ کا نام پارلیمنٹ تھا. لیکن بعد میں 1985ء میں ایک ترمیم کے زریعے اس کا نام مجلس شورای رکھ دیا گیا.

Q11. مشرقی پاکستان کی علیحدگی میں بڑی طاقتوں کا کیا کردار تھا.

Ans 1: بڑی طاقتوں نے گٹھ جوڑ کرلیا تھا. ان طاقتوں کا یہی گٹھ جوڑ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کا ایک سبب بن گیا.

Q12. قومی یکجہتی کے مسائل کو بیان کریں.

Ans 1: 1- دینی تعلیم سے دوری 2- نام نہاد دینی علماء کی فرقہ پرستی 3- سیاسی شعور کا فقدان 4- معاشی پسماندگی 5- علاقائی تعصبات 6- تہذیبی اور لسانی تعصبات 7- تعلیم کی کمی بے مقصدیت اور اس پر بھاری اخراجات 8- زرائع ابلاغ کا کردار 9- علاقائی سیاسی جماعتیں 10- جاگیرداری اور قبائلی نظام 11- حکومت کے اپنے مفادات 12- حکومت کی پالیسیوں پر عوام کا عدم اطمینان 13- سرمایہ دارانہ نظام اور معاشی اجارہ داری 14- مخصوص طبقے کا سیاسی تسلط 15- سودی نظام معیشت جو اللہ تعالی سے اعلان جنگ کے مترادف

Q13. ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹریفک پولیس کیا کردار ادا کرتی ہے.

Ans 1: پولیس کے اہل کار سڑکوں اور چوراہوں پر موجود رہتے ہیں اور قواعد کے مطابق ٹریفک کو گزارتے ہیں. اگر کوئی شہری بغیر لائیسنس گاڑی چلا رہا ہو یا ٹریفک قواعد کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو تو اس کا چالان کیا جاتا ہے. ٹریفک پولیس حادثات کی روک تھام کر کے شہریوں کی قیمتی جانیں بچانے کا اہتمام بھی کرتی ہے.

Q14. ایم اے او سکول کی بنیاد کب رکھی.

Ans 1: 1857 میں علی گڑھ میں ایم اے او سکول کی بنیاد رکھی.جو کالج اور پھر یونیورسٹی کا درجہ اختیار کرگئی

Q15. وولڈ ٹریڈ سینٹر کا واقعہ کب اور کہاں رونما ہوا.

Ans 1: 11 ستمبر 2001 کو امریکہ کے شہر نیویارک کی بلند ترین عمارت ورلڈ ٹریڈ سینٹر کے ساتھ قریبا نو بجے صبح دو اغوا شدہ طیارے آکر ٹکرائے.

Q16. قومی اسمبلی کتنے ارکان پر مشتمل ہوتی ہے.

Ans 1: قومی اسمبلی 342 ارکان پر مشتعمل ہوتی ہے.

Q17. یونیورسٹی کی تعلیم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: یونیورسٹی کی تعلیم کا عرصہ چار سال ہے. دو سال میں بی.اے ،بی ایس سی کیا جاتا ہے یہ تعلیم یونیورسٹی اور کالجوں میں بھی دی جاتی ہے.

Q18. قومی یکجہتی کی راہ میں پیش آنے والے مسائل کے نام لکھیں.

Ans 1: 1- دین کا صحیح تصور اجاگر کرنا 2- فرقہ پرست نام نہاد کا محاسبہ 3-نظام تعلیم میں تبدیلی 4- جاگیردارانہ نظام 5- قومیتوں کا نعرہ 6- علاقائی ثقافت 7- شرح خواندگی میں اضافہ 8- نظریاتی اصولوں سے انحراف 9- علاقوں کی مساوی ترقی 10- انتخابات سے پہلو تہی 11- زرائع ابلاغ کا کردار

Q19. پنجاب پولیس کی عہدیداران کے نام

Ans 1: 1- ایڈیشنل انسپکڑز جنرل آف پولیس 2- ریجنل پولیس افسران 3- کیپیٹل سٹی پولیس آفیسرز 4- ڈپٹی انسپکڑز جنرل اف پولیس 5- ڈسٹرکٹ پولیس افسران 6- اسسٹنٹ انسپکڑز جنرل اف پولیس 7- ڈی پی ار 8- رجسٹرار

Q20. آئین کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: آئین ان بنیادی اصولوں اور قاعدوں کا مجموعہ ہے جو شہریوں کے حقوق حکومت کے مختلف شعبوں کے اختیارات اور ان کے باہمی تعلقات کی وضاحت کرتا ہے.